اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# رمضان ڈونیشن اہداف سے متعلق کام

1) دعوت اسلامی کا دینی کام ہر طبقے (امیر غریب متوسط، تعلیم یافتہ / کم تعلیم یافتہ / بغیر پڑھے لکھے / عوامی / سیاسی / مختلف شعبہ جات سے منسلک۔ مختلف زبان بولنے والی / کمیونیٹیز وغیرہ) میں ہوتا ہے اس کے لئے تنظیمی ذمہ داران اپنے vision (وسعت نظری) کو بڑھائیں۔

2) ہر سطح کی ذمہ دار اپنی تنظیمی حدود میں ہر طبقے کی الگ الگ کیٹیگری بنالے مثال کے طور پر کچھ ایریاز ایسے ہوں گے جہاں لوگ دینی کام کے لئے وقت دے سکتے ہوں گے لیکن چندہ دینے کی اتنی اچھی استطاعت نہیں رکھتے ہوں گے تو ان سے دینی کاموں کے لئے وقت لے کر سرگرم کیا جائے اس کے برعکس کچھ ایسی جگہیں ہوں گی جہاں کے لوگ دینی کام کے لئے وقت نہیں دے سکتے ہوں گے لیکن دعوتِ اسلامی کے لئے زیادہ ڈونیشن دینے کو تیار ہوں گے تو ایسی صورت میں ان سے 12 ماہ مختلف نیکی کی دعوت دیتے ہوئے رابطے میں رہیں اور سالانہ موقعوں پر ان کی حیثیت / دعوتِ اسلامی سے عقیدت اور نوعیت کے مطابق ڈونیشن لئے جائیں۔

3) ہائی پروفائل فیملیز جو دعوتِ اسلامی سے مختلف ذرائع جیسے محفلِ نعت، کفن دفن، فیضان آن لائن میں پڑھنے، درس قرآن کروانے وغیرہ کے ذریعے سے رابطے میں آئی ہوں انہیں اپنے پاس on the record رکھ کر ڈونیشن کا دینی کام کریں۔

a) ڈونیشن لینے کے اہداف دینا بہت اہمیت کا حامل ہے، اہداف کے لئے ان امور کو مدِ نظر رکھا جائے،

☆ ہر ذمہ دار کو ذاتی ہدف دیا جائے۔

☆ اہداف کو نوعیت پر منحصر کیا جائے۔

ہائی پروفائل علاقوں اور متوسط / غریب طبقوں کے اہداف الگ الگ ہوں۔

☆ اہداف کو 3 مہینوں (رجب، شعبان، رمضان) میں اس طرح تقسیم کر دیں کہ ہدف کا 25 فیصد رجب میں، 50 فیصد شعبان میں اور رمضان میں 100 فیصد مکمل کرنا ہے۔

## ڈونیشن کے لیے لسٹ ورک کرنا:

☆ ذمہ داران جمع کرنے کے لئے اولاً لسٹ اس طرح بنائیں کہ لیا گیا ہدف جمع کرنے میں کامیابی ہو سکے۔ اس لسٹ کو اس طرح مرتب کیا جا سکتا ہے: (1) ذاتی اپنا / گھر کے ہر فرد کی طرف سے ڈونیشن (2) ملک و بیرون ملک میں رشتے دار سے جمع ہونے والا ڈونیشن (3) دوست / احباب / جان پہچان سے جمع ہونے والا ڈونیشن۔ (4) جن اہل ثروت میں 12 ماہ رابطہ رکھا ان کی طرف سے ملنے والا ڈونیشن۔ (5) تنظیمی ذمہ دار سے متعلقہ حدود میں ہائی پروفائل / متوسط / غریب طبقے کے مطابق جمع ہونے والا ڈونیشن۔

غرض کے اپنے ہر contact پر نوعیت کے مطابق ڈونیشن لینے کے لیے کام کریں اور اپنا ہدف پورا کرنے کی کوشش کریں۔

☆ ہر سطح کی ذمہ داران نیچے تک اس لسٹ کو پیپر پر لا کر ڈونیشن کے لیے کوشش کریں گی تو کامیابی کے chances زیادہ ہوں گے۔ ان شآءاللہ الکریم بالخصوص ذیلی نگران ہر ذمہ دار و منسلک کے لسٹ میں نام لکھ لیں پھر یہ بھی تحریر کر لیں کہ کس سے کتنا ڈونیشن مل سکتا ہے؟ یوں کام شروع ہوتے ہی اندازہ ہو جائے گا کہ کتنے ڈونیشن جمع کر سکتے ہیں۔

☆ ہدف لیتے وقت یہ پیش نظر ہو کہ مجھے اپنا یہ ہدف کس طرح پورا کرنا ہے یعنی پلاننگ کے ساتھ کام کیا جائے۔

☆ ڈونیشن کی ترغیب ووصولی کے دوران اگر کوئی یہ کہے کہ فلاں نگران / ذمہ دار کوڈونیشن دیا ہے تو اپنے اوپر سطح کی ذمہ داران کے ذریعے کنفرمیشن ضرور حاصل کرلی جائے تاکہ ایسا نہ ہو کہ کہیں سے ڈونیشن کی وصولی رہ جائے۔

☆ انفرادی طور پر اوّلاً اپنے گھر سے بھی زکوٰۃ، فطرہ، صدقات وغیرہ لیا جائے، رشتہ داروں سے بالمشافہ ملاقات کرکے whatsapp / msg کے ذریعے راہِ خدا میں خرچ کرنے کے فضائل بتاکر یا لکھ کر ڈونیشن کی ترغیب دلائیں اور ہاتھوں ہاتھ ڈونیشن جمع کریں۔

☆ کوشش کریں کہ دعوتِ اسلامی والے / اہلِ محبت اپنے گھر کی پوری زکوٰۃ، فطرہ، صدقات وغیرہ دعوتِ اسلامی کے لیے جمع کروائیں۔

☆ ڈونیشن دینے والی کی اجتماعی طور پر ذمہ دار شہر / یوسی سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) / ذیلی حلقہ مشاورت اپنی اپنی ذمہ داری کے مطابق ڈونیشن کا ہدف پورا کرنے کی کوشش کریں۔ اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ڈونر لِسٹ میں موجود ہر اسلامی بہن پچھلے سال سے زیادہ ڈونیشن دے۔

☆ شعبہ محبتیں بڑھاؤ کی مدد سے پرانی ذمہ داران بیماری / پریشانی / کسی مجبوری کے سبب اب ذمہ داری پر نہ ہوں تو ماہِ رجب المرجب میں بالخصوص اُن کی مزاج پُرسی کرتے ہوئے ڈونیشن جمع کرنے کی ترغیب دلائی جائے اور اہداف بھی دیئے جائیں کیونکہ عوام اسلامی بہنیں اُن کو جان پہچان کی وجہ سے ڈونیشن دیتی ہیں۔

﴿1﴾ ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) / ڈویژن (اوورسیز میں زون) / صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح) / ملک / نگران عالمی مجلس مشاورت اور شعبہ ذمہ داران (عالمی سطح) ماہِ رجب، ماہِ شعبان اور ماہِ رمضان میں شعبہ رابطہ و شعبۂ تعلیم ذمہ داران کے ساتھ مل کر اہلِ ثروت / شخصیات کے گھروں / اداروں میں جاکر ملاقات کرکے انہیں دعوتِ اسلامی کے مصارف و خدمات بتاکر ڈونیشن دینے کی ترغیب دلائیں۔

﴿2﴾ تنظیمی نگران، شعبہ ذمہ داران اور منسلک / وابستگان اور طالبات / معلمات کو یہ ترغیب دلائیں کہ وہ اپنی طالبات، مدنی عملے، سرپرست، فارغ التحصیل کو ڈونیشن کی ترغیب دینے کے ساتھ ساتھ ان کے ذریعے نئے ڈونرز تلاش کریں اور انہیں دینی کاموں میں شامل ہونے اور ڈونیشن دینے کی ترغیب دلائیں۔